نیو یارک سٹی کے تارکین وطن کے لیے وسائل

کسی کو بھی اپنے مذہب، نسل، ثقافتی شناخت، جنسی میلان یا آبائی ملک کی وجہ سے غیر محفوظ یا خوف زدہ ہونے کا احساس نہیں ہونا چاہیے۔ نیو یارک سٹی کی حکومت سبھی باشندوں کا تعاون کرتی ہے اور سٹی کی زیادہ تر خدمات غیر دستاویز بند تارکین وطن سمیت ہر کسی کے لیے دستیاب ہیں۔

سٹی کے ملازمین آپ کی ترک وطنی کی حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھیں گے الّا یہ ان کا کام انجام دینے کے لیے یہ ضروری ہو۔ اگر وہ آپ کی ترک وطنی کی حیثیت کے بارے میں پوچھتے ہیں تو آپ کی معلومات خفیہ رکھی جائے گی۔

یہ چند خدمات ہیں جن تک نیو یارک سٹی کے تارکین وطن رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے **311 پر کال کریں۔**

امتیازی سلوک سے تحفظ

- آپ کو جائے کار، رہائش اور عوامی مقامات میں غیر قانونی امتیازی سلوک، انتقامی کارروائی اور ہراسانی سے پاک زندگی گزارنے کا حق ہے۔ نیو یارک سٹی کا کمیشن برائے حقوق انسانی (Commission on Human Rights) امتیازی سلوک اور ہراسانی سے نیو یارک کے باشندوں کا تحفظ کرنے کے لیے ہر روز جد و جہد کرتا ہے۔ اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ امتیازی سلوک کا شکار ہوئے ہیں تو **718-722-3131** پر کال کریں۔

IDNYC

- IDNYC سٹی کا شناخت نامہ ہے۔ IDNYC پروگرام ترک وطنی کی حیثیت کے بارے میں معلومات اکٹھا نہیں کرتا ہے اور ساری معلومات خفیہ رکھی جاتی ہے۔

تعلیم

- نیو یارک کے سبھی باشندوں کو 5 سال کی عمر سے لے کر سند یافتگی تک یا ان کی عمر 21 ہو جانے پر اسکول کے اختتام تک سرکاری اسکول میں تعلیم حاصل کرنے کا حق ہے۔ جن بچوں کی عمر 4 سال ہو یا جو اسکولی سال کے دوران 4 سال کے ہو جائیں وہ مفت Pre-K کے اہل ہیں۔ انگریزی زبان کے متعلمین کے لیے تعاون دستیاب ہے۔

نگہداشت صحت

- کم قیمت پر ہنگامی اور غیر ہنگامی نگہداشت صحت سرکاری ہسپتالوں اور کلینکس میں نیو یارک کے سبھی باشندوں کے لیے دستیاب ہے۔ نیو یارک سٹی کے محکمہ صحت (New York City Health Department) کے کلینکس کم تا بلا قیمت ٹیکہ کاری اور جنسی صحت سے متعلق خدمات، اور بلا قیمت ٹی بی کی خدمات پیش کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے 311 پر کال کریں۔
- NYC Well آپ کو مفت، رازدارانہ ذہنی صحت کی نگہداشت سے مربوط کر سکتا ہے۔ خدمات 200 سے زائد زبانوں میں 24/7 دستیاب ہیں۔ **1-888-692-9355** پر کال کریں، WELL لکھ کر **65173** پر بھیجیں یا **nyc.gov/nycwell** ملاحظہ کریں۔

نگہداشت طفل

کم آمدنی والے خاندان جن میں 6 ہفتے سے لے کر 12 سال تک کی عمر کے بچے ہیں مفت یا کم قیمت پر نگہداشت طفل حاصل کر سکتے ہیں۔

ہنگامی غذا اور پناہ گاہ

- پورے شہر میں موجود سوپ کچنز اور فوڈ پینٹریز ضرورتمند لوگوں کو مفت غذا پیش کرتی ہیں۔
- HomeBase پروگرام سے باشندوں کو ملازمت کے لیے تربیت، نگہداشت طفل اور انخلاء مخالف قانونی خدمات جیسے وسائل فراہم کرکے پناہ گاہ کے نظام میں داخل ہونے سے روکنے میں مدد مل سکتی ہے۔

عوامی تحفظ

- سٹی امیگریشن انفورسمنٹ کا کام انجام نہیں دیتی ہے۔ نیو یارک سٹی پولیس ڈپارٹمنٹ (New York City Police Department, NYPD) جرم کے متاثرین، گواہوں یا مدد طلب کرنے والے کسی بھی شخص کی ترک وطنی کی حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھتا ہے۔
- اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ منافرت کے جرم کا شکار ہوئے ہیں تو NYPD کی ہیٹ کرائم ٹاسک فورس (Hate Crimes Task Force) کو **646-610-5267** پر کال کریں۔

ترک وطنی سے متعلق قانونی مدد

- مفت اور رازدارانہ ترک وطنی سے متعلق قانونی مدد کے لیے ActionNYC کو **1-800-354-0365** پر کال کریں۔ اپنے کسٹمرز کا فائدہ اٹھانے والے غیر لائسنس یافتہ ترک وطنی کی خدمات فراہم کرنے والوں سے آگاہ رہیں۔ صرف بھروسہ مند، لائسنس یافتہ اٹارنی یا تصدیق شدہ نمائندے سے ہی مدد حاصل کریں۔ اگر آپ کے سوالات ہوں تو نیو امریکنز ہاٹ لائن (New Americans Hotline) کو **1-800-566-7636** پر، بروز پیر تا جمعہ صبح 9 بجے اور رات 8 بجے کے بیچ کال کریں۔